NSW GOVERNMENT | Education

والدین کی طرف سے آن لائن ادائیگیاں

والدین اور نگرانوں کیلئے معلومات

اب والدین کیلئے ممکن ہے کہ طالبعلموں کیلئے سکول کو جو رقوم واجب الادا ہوں، وہ Westpac کی جانب سے ایک محفوظ پیمنٹ پیج کے ذریعے یہ ادائیگیاں کر سکتے ہیں۔ ادائیگی کیلئے Visa یا MasterCard کریڈٹ کارڈ یا ڈیبٹ کارڈ استعمال کر سکتے ہیں، اور کمپیوٹر، ٹیبلٹ یا موبائل فون کے ذریعے ادائیگی کی جا سکتی ہے۔ سکول ویب سائیٹ کے فرنٹ پیج پر Make a payment $ ($ ادائیگی کریں) چن کر پیمنٹ پیج تک پہنچا جا سکتا ہے۔

Westpac نے حال ہی میں سسٹم کو بہتر بنا کر تفصیلات اینٹر کرنے کیلئے زیادہ وقت مہیا کر دیا ہے اور والدین کیلئےآٹو فل آپشن کو استعمال کر کے ادائیگی ممکن بنا دی ہے تاکہ انہیں دوبارہ اپنی تفصیلات اینٹر نہ کرنی پڑیں۔ والدین اب کریڈٹ کارڈ یا بینک اکاؤنٹ سے ڈائریکٹ ڈیبٹ کے ذریعے ادائیگی کر سکتے ہیں۔

جن چیزوں کیلئے ادائیگی کی جا سکتی ہے، ان میں سکول کیلئے رضاکارانہ بنیاد پر چندے، مضامین کیلئے چندے، تفریحی دورے، طالبعلموں کو فروخت کی جانے والی چیزیں اور تخلیقی و عملی فنون کی سرگرمیاں (بینڈ، ڈراما اور ڈانس) شامل ہیں۔ 'Other' کیٹیگری کے تحت ان چیزوں کیلئے ادائیگی بھی کی جا سکتی ہے جو پہلے مذکور عنوانوں کے تحت نہیں آتیں۔ 'Other' کو استعمال کر کے سکول کی سٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی مکمل ادائیگی بھی کی جا سکتی ہے۔

جب آپ Make a payment $ پر جائیں گے تو آپکو یہ اینٹر کرنا ہو گا:

- طالبعلم کا نام
- کلاس
- تاریخ پیدائش

یہ تفصیلات ہر دفعہ ادائیگی کے وقت اینٹر کی جائیں گی کیونکہ طالبعلم کی تفصیلات ادائیگی کے سسٹم میں محفوظ نہیں رکھی جاتیں۔

یہ Westpac کی جانب سے محفوظ ادائیگی کا سسٹم ہے جو یقینی بناتا ہے کہ آپکے کریڈٹ کارڈ یا ڈیبٹ کارڈ کی تفصیلات محفوظ طریقے سے حاصل کی جائیں۔ یہ تفصیلات سکول کو نہیں فراہم کی جاتیں۔

ادائیگی پراسیس ہونے سے پہلے آپ ادائیگی کی تمام تفصیلات چیک کر سکتے ہیں اور بدل سکتے ہیں۔ رسید ای میل کی جا سکتی ہے اور/یا پرنٹ کی جا سکتی ہے۔

ادائیگیوں کی تفصیلات روزانہ سکول کو پہنچائی جاتی ہیں اور سکول آپکے بچے کے اکاؤنٹ میں ان کی رسید بنا لے گا۔ چونکہ آپکو پیمنٹ پیج سے رسید مل چکی ہوتی ہے، سکول آپ کو مزید کوئی رسید جاری نہیں کرے گا۔

آن لائن ادائیگی کے عمل کے بارے میں سوالات کیلئے براہ مہربانی سکول ایڈمنسٹریشن آفس سے رابطہ کریں۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر سکول سے رابطہ کرنے کیلئے آپکو انگلش میں مدد درکار ہے تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں۔ انہیں اپنی مطلوبہ زبان بتائیں اور آپریٹر سے سکول کو فون کرنے کو کہیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپکی مدد کرے گا۔ آپ سے اس خدمت کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔